## وقار شہید کے والد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔3/جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم سوسائٹی سیکٹر کے شہید کارکن وقار احمد کے والد اور ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے رکن ندیم حیدر کے خسر کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

## لندن میں ایم کیوایم کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کرنے والوں کو الطاف حسین کی جانب سے پانی پلایا گیا

لندن۔۔۔3/جون 2007ء

ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے باہر ایم کیوایم کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کرنے والے لائرز فورم اور سیاسی جماعتوں کے افراد کو متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے پانی پلایا گیا۔اتوار کے روز پاکستان تحریک انصاف ، دیگر سیاسی جماعتوں اور لائرز فورم سے تعلق رکھنے والے مظاہرین نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے باہر جمع ہوکر احتجاجی مظاہرہ کیا۔مظاہرین حکومت ، ایم کیوایم اور جناب الطاف حسین کے خلاف نعرے لگا رہے تھے۔شدید گرمی اور سخت دھوپ کے باعث مظاہرین کے حلق پیاس کی وجہ سے خشک ہوگئے جس پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان کو ہدایت کی کہ مظاہرین کو پانی پلایا جائے۔ جناب الطاف حسین کی ہدایت پر سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید ذوالفقار حیدر اور ایم کیوایم یوکے یونٹ کے کارکنان منرل واٹر کی بوتلیں اور گلاس لیکر مظاہرین کے پاس گئے اور انہیں پانی پلایا جس پر مظاہرین نے خوشگوار حیرت کا اظہار کیا اور پانی پلانے پر ایم کیوایم کے ذمہ داران کا شکریہ ادا کیا۔

## وقار شہید کے والد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔3، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سوسائٹی سیکٹر کے شہید کارکن وقار احمد کے والد اور ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے رکن ندیم حیدر کے خسر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارن کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## پاکستان تحریک انصاف سندھ کے جوائنٹ سیکریٹری نذیر احمد بروہی کی ساتھیوں سمیت متحدہ میں شمولیت

کراچی۔۔۔3/جون 2007ء

پاکستان تحریک انصاف سندھ کے جوائنٹ سیکریٹری نذیر احمد بروہی نے اپنے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی حمید الظفر سے ملاقات میں کیا۔متحدہ میں شمولیت اختیار کرنے والوں میں تحریک انصاف سندھ کے مقامی ذمہ داران وکارکنان خلیل احمد کلہوڑو، سعید احمد بروہی، میر جلاد بروہی، فراز مغل، نیاز احمد اور ایم جان بروہی بھی شامل ہیں۔ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اور اس کے قائد جناب الطاف حسین ملک کے واحد جماعت اور قائد ہیں جو اس ملک کے 98 فیصد مظلوم ومحکوم عوام کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں ایم کیوایم کو بدنام کرنے کیلئے جھوٹے پروپیگنڈے کیے جارہے ہیں تاہم ملک کے باشعور عوام سازشی عناصر کے منفی پروپیگنڈوں کے پس پردہ مقاصد سے واقف ہوچکے ہیں اور وہ جانتے ہیں کہ ایم کیوایم کے فکر وفلسفہ کی مقبولیت سے عوام دشمن عناصر بری طرح بوکھلا اٹھے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک بھر کے عوام کی بلاامتیاز وتفریق عملی خدمت کررہی ہے اور اس حق پرستانہ جدوجہد میں ہم بھی اپنا ہر ممکن کردار ادا کریں گے۔

# منفی پروپیگنڈوں کا مقصد ملک بھر کے عوام کو ایم کیو ایم سے بدظن کرنا ہے، عادل صدیقی

## ڈیفنس خیابان محافظ میں منعقدہ اجلاس سے وسیم اختر، سید مصطفیٰ کمال، اخلاق حسین عابدی، صلاح الدین حیدر، محترمہ خوش بخت شجاعت کے علاوہ سراج قاسم تیلی اور خواجہ سہیل کا خطاب

کراچی ۔۔۔3/جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور حق پرست صوبائی وزیر عادل صدیقی نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم پرامن جمہوری جماعت ہے جو عدلیہ کی آزادی اور قانون کی بالا دستی پر مکمل یقین رکھتی ہے۔ وہ گزشتہ روز ڈیفنس کے علاقے خیابان محافظ میں منعقدہ کارنر میٹنگ سے خطاب کررہے تھے۔ کارنر میٹنگ کا اہتمام ڈیفنس کلفٹن ریزیڈنٹ کمیٹی کی جانب سے کیا گیا تھا۔ اس موقع پر شرکاء کو 12 مئی کے دن ایم کیو ایم کی پرامن ریلی پر مختلف سیاسی و مذہبی جماعتوں کے مسلح دہشت گردوں کی جانب سے کی جانیوالی فائرنگ، پرتشدد واقعات اور جلاؤ گھیراؤ پر مبنی ویڈیو فلم ''کڑوا سچ'' بھی دکھائی گئی۔ کارنر میٹنگ میں ڈیفنس اور کلفٹن سے تعلق رکھنے والے افراد بالخصوص معروف تجارتی شخصیات سراج قاسم تیلی، زبیر موتی والا، ہارون فاروقی، خواجہ سہیل، اسد قزلباش طاہر، آصف مالا گام، انجم نثار، سمیع خان، ہارون رگر، یونس زیڈ کے اور مجید عزیز کے علاوہ زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر حق پرست صوبائی مشیر داخلہ وسیم اختر، صوبائی مشیر اطلاعات صلاح الدین حیدر، سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال، رکن قومی اسمبلی سید اخلاق حسین عابدی، رکن سندھ اسمبلی اختر مہدی بلگرامی، ڈی سی آر سی کی رکن محترمہ خوش بخت شجاعت موجود تھیں۔ عادل صدیقی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم کا فکر و فلسفہ ملک بھر کے عوام میں تیزی سے فروغ پا رہا ہے جس سے بوکھلا کر عوام دشمن قوتوں نے ایم کیو ایم کے خلاف سازشوں کا سلسلہ تیز کر دیا ہے اور 12 مئی کا سانحہ ایم کیو ایم کے خلاف منظّم سازشی منصوبے کا حصہ ہے۔ کارنر میٹنگ سے وسیم اختر، سید مصطفیٰ کمال، اخلاق حسین عابدی، صلاح الدین حیدر، محترمہ خوش بخت شجاعت کے علاوہ سراج قاسم تیلی اور خواجہ سہیل نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم کے خلاف اپوزیشن جماعتوں کے تمام منفی پروپیگنڈوں کا مقصد ملک بھر کے عوام کو ایم کیو ایم سے بدظن کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جس جماعت نے انسانیت کی خدمت کو اپنا شعار بنایا اور قدرتی آفات سے متاثرہ دکھی انسانیت کی عملی خدمت کی ہے اس جماعت پر جھوٹے الزامات عائد کرنا افسوسناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت دن رات کراچی کی ترقی و خوشحالی کیلئے جدوجہد کررہی ہے، شہر میں ترقیاتی منصوبے تیزی سے تکمیل پا رہے ہیں، تجارتی سرگرمیاں عروج پر ہیں اور بیرونی سرمایہ کاری میں اضافہ ہو رہا ہے اور جو عناصر کراچی کا امن و سکون تباہ کرنا چاہتے ہیں وہ سندھ بالخصوص کراچی کے عوام کے کھلے دشمن ہیں۔ اس موقع پر سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال نے کراچی میں مکمل ہونیوالے میگا پروجیکٹ اور زیر تکمیل اور آئندہ شروع ہونیوالے ترقیاتی منصوبوں سے میٹنگ کے شرکاء کو آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ حق پرست نمائندے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر کراچی کی ترقی اور عوام کی بلا امتیاز عملی خدمت میں مصروف ہیں۔

☆☆☆☆☆